**دہشت گردوں کی جانب سے حملہ جی ایچ کیو پرنہیں بلکہ پوری فوج، پورے ملک اورقومی سلامتی پرحملہ ہے۔الطاف حسین**

**جی ایچ کیو پرحملہ کرنے والے دہشت گرد پاکستان کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں**

**تمام سیاسی جماعتوں سے والنٹیئر زلئے جائیں اوران پر مشتمل نیشنل سویلین رضا کارفورس بنائی جائے جودہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں سیکوریٹی فورسز کا بھرپور ساتھ دے سکیں**

**پوری قوم فوج کے ان جوانوں کوسلام پیش کرتی ہے جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے دہشت گردوں کاحملہ ناکام بنایا**

**دہشت گردوں نے اہم پبلک مقامات کے ساتھ ساتھ فوج کے ہیڈکوارٹراورقومی سلامتی کے اداروں پربھی حملے شروع کردیئے ہیں، یہ نازک وقت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سمیت پوری قوم سے اتحادویکجہتی تقاضہ کرتا ہے**

لندن۔۔۔10 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں جنرل ہیڈکوارٹرزکی چیک پوسٹ پردہشت گردوں کے حملے کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہے اوراس کارروائی کودہشت گردی کاایک انتہائی سنگین واقعہ قراردیاہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ دہشت گردوں کی جانب سے یہ حملہ جی ایچ کیو پرنہیں بلکہ پوری فوج، پورے ملک اورقومی سلامتی پرحملہ ہے اوریہ حملہ کرنے والے دہشت گرد پاکستان کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہاکہ کل صوبہ سرحد کے دارالحکومت پشاورمیں درندہ صفت دہشت گردوں نے خودکش دھماکہ کرکے پچاس سے زائدمعصوم شہریوں کوشہیدکردیاتھاجن میں نوجوانوں اوربزرگوں کے ساتھ ساتھ خواتین اورمعصوم بچے بھی شامل تھے جبکہ اس خودکش دھماکے میں سوسے زائدمعصوم شہری شدیدزخمی ہوگئے تھے اورآج ان دہشت گردوں نے راولپنڈی میں فوج کے ہیڈکوارٹرجی ایچ کیو پرحملہ کی کوشش کی جسکے دوران سیکوریٹی فورسز کے چھ جوان شہیدہوگئے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ جی ایچ کیو پرحملے کاواقعہ دہشت گردی کاایک انتہائی سنگین واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، یہ ہمارے ملک اورقومی سلامتی پرحملہ ہے جسے کسی بھی قیمت پربرداشت نہیں کیاجاسکتا۔انہوں نے کہاکہ پوری قوم فوج کے ان جوانوں کوسلام پیش کرتی ہے جنہوں نے اپنی جانوں کانذرانہ پیش کرکے جی ایچ کیوپردہشت گردوں کایہ حملہ ناکام بنایا۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ دہشت گردوں نے معصوم شہریوں اوراہم پبلک مقامات کے ساتھ ساتھ فوج کے ہیڈکوارٹراورقومی سلامتی کے اداروں پربھی حملے شروع کردیئے ہیں لہٰذایہ نازک وقت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سمیت پوری قوم سے تقاضہ کرتاہے کہ آپس کے اختلافات کوفی الفوربالائے طاق رکھ کربھرپوراتحادویکجہتی کا مظاہرہ کیاجائے۔جناب الطاف حسین نے حکومت کوتجویزپیش کی کہ تمام سیاسی جماعتوں سے والنٹیئر زلئے جائیں اوران پرمشتمل نیشنل سویلین رضا کارفورس بنائی جائے جودہشت گردی کے خاتمہ اورسیکوریٹی فورسز کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف کی جانے والی کارروائی میں ان کا بھرپور ساتھ دے سکیں۔جناب الطاف حسین نے ملک بھرکے عوام سے اپیل کی کہ وہ چوکس رہیں، دہشت گردوں پرنظررکھیں اوردہشت گردی کے خاتمہ کیلئے سیکوریٹی فورسز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔جناب الطاف حسین نے آج کے واقعہ میں شہیدہونے والے سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہارکیااوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیداہلکاروں کوجنت الفردوس میں جگہ دے اوران کے درجات بلندفرمائے اورزخمیوں کوجلدصحتیاب کرے۔

**ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں جوہانسبرگ میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی**

**ریلی میں ایم کیوایم کے کارکنوں، ہمدردوں، خواتین اوربچوں کی بڑی تعدادمیں شرکت**

**ریلی کی قیادت ساؤتھ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزڈاکٹر فاروق ستاراوررابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزادنے کی**

جوہانسبرگ۔۔۔10 اکتوبر2009ء

ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں جوہانسبرگ میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی جس میں ایم کیوایم کے کارکنوں، ہمدردوں، خواتین اوربچوں نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔ریلی کی قیادت ساؤتھ افریقہ کے دورے پرآئے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزاوروفاقی وزیرڈاکٹرفاروق ستاراوررابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزادنے کی۔ریلی میں شریک کارکنان اورہمدرداپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کے

پورٹریٹ اٹھائے ہوئے تھے۔درجنوں کاروں،موٹرسائیکلوں اور دیگر گاڑیوں پر مشتمل یہ ریلی جوہانسبرگ کے علاقے فورڈز برگ، چرچ اسٹریٹ اور مے فیر کے علاقے سے گشت کرتے ہوئے اپنی منزل پر ختم ہوئی۔ریلی میں شریک افراد کا جوش وخروش قابل دید تھا۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن محمد اقبال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن محمد اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن محمد اقبال اور نیوکراچی سیکٹر کے کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن محمد اقبال اور ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکن محمد اقبال کے بھائی محمد مقصود کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## شاہ فیصل کا رہائشی ارشد قریشی جرائم پیشہ ہے،اس کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے رہائشی ارشد قریشی ولد شمیم احمد قریشی سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ارشد قریشی جرائم پیشہ شخص ہے اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے اور وہ خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرتا ہے لیکن ارشد قریشی نامی شخص کا متحدہ قومی موومنٹ سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔

## ایم کیوایم پنجاب کنونشن میں رکاوٹیں کھڑی کرنے والے رسوائی سے دوچار ہونگے،ارکان قومی اسمبلی
## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور دیگر ذمہ داران کے کمروں پر پنجاب پولیس کے غیر قانونی چھاپے کی مذمت

کراچی۔۔۔10،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے فیڈرل لاجز لاہور میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور دیگر ذمہ داروں کے کمروں پر پنجاب پولیس کے غیر قانونی چھاپے،ہتک آمیز سلوک اور ہراساں کئے جانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں ریاستی طاقت کے بل پر متحدہ قومی موومنٹ کا راستہ روکنے کی کوشش کرنے والے جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے محافظ ہیں،ایم کیوایم کے پنجاب کنونشن کے انعقاد میں رکاوٹیں کھڑی کرنے والے ناکامی اور رسوائی سے دوچار ہوں گے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے پنجاب کنونشن کے انعقاد کے اعلان نے فرسودہ نظام کے محافظوں کی نیندیں اڑادی ہیں اور وہ حق پرستی پر مبنی فکر وفلسفہ اور نظریئے کو روکنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام کو ان کے حقوق دلوانے کیلئے پرامن جدوجہد کررہے ہیں،اس جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کو ماضی میں بھی بدترین ریاستی آپریشن کا نشانہ بنایا گیا،ہزاروں کارکنان کو حق پرستی کی راہ میں بیدردی سے شہید کردیا گیا،ہزاروں کارکنان آج بھی معذوری اور جلاوطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں لیکن ان تمام گھناؤنے مظالم کے باوجود ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ملک کے کونے کونے میں پھیلتا چلا جارہا ہے اور پورے ملک بالخصوص پنجاب کے غریب ومظلوم عوام اب ایم کیوایم کی طرف دیکھ رہے ہیں،یہی وہ بات ہے جو فرسودہ استحصالی نظام کے محافظوں کو خطرناک محسوس ہورہی ہے اور انہیں پنجاب کے مظلوم عوام میں ابھرنے والے انقلاب کی نوید سنائی دے رہی ہے جس سے وہ بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکے ہیں اور

ایم کیوایم کے خلاف ایک مرتبہ پھر غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تاریخ میں ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو غریب و متوسط طبقے کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اوراس سلسلے میں کسی قسم کی سودے بازی کا تصور بھی نہیں کرسکتی، ملک بھر کے عوام اب یہ بات اچھی طرح سمجھ چکے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین جو کہتے ہیں وہ کرتے بھی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب جنم لے رہا ہے اورانشاءاللہ ایم کیوایم اللہ تعالیٰ کی تائیداورعوام کی حمایت سے بہت جلد ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت میں تبدیل ہوجائے گی اور فرسودہ جاگیردارانہ ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام میں ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کا اثر زائل ہوچکا ہے اور وقت نے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہے اوراسے ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کی بھرپور حمایت اور تعاون حاصل ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان اور دیگر ذمہ داران کے کمروں پر پنجاب پولیس کے غیر قانونی چھاپے، انہیں ہراساں کرنے اور ہتک آمیز سلوک روا رکھنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ داروں کے خلاف فی الفورعملی کارروائی کی جائے

## پنجاب میں کوئی طالع آزما حق پرستی کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کو پھیلنے سے نہیں روک سکتا ہے، بلوچستان صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی
## ریاستی طاقت استعمال کرکے متحدہ کوخوفزدہ کرنیکی کوشش کامیاب نہیں ہوگی، پنجاب کے عوام استحصالی عناصر کےعزائم خاک میں ملادیں گے

کوئٹہ۔۔۔10، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان اور دیگر ذمہ داران کے کمروں پر پنجاب پولیس کے غیر قانونی چھاپے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ داران کے خلاف فی الفور کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اپنا جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے صوبہ پنجاب میں حق پرستی کے پیغام کوفروغ دے رہی ہے لیکن جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ ذہنیت کے حامل بااثر افراد ایم کیوایم کا راستہ روکنے کیلئے سرگرم ہوگئے ہیں اورانہوں نے اپنے مذموم مقاصد کے حصول کی کوششوں کا لاہور میں غیر قانونی چھاپہ مار کارروائی کرکے آغاز کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم آگ وخون کے دریا عبور کرکے اس مقام تک پہنچی ہے کہ پنجاب کے مظلوم عوام کی جانب سے بھی ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کا زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے، ایسے حالات میں ریاستی طاقت استعمال کرکے متحدہ قومی موومنٹ کوخوفزدہ کرنے کی کوشش کرنے والے ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر ناکامی سے دوچار ہوں گے اور پنجاب کے مظلوم عوام حق پرستی کی تحریک کا بھرپور ساتھ دے کران استحصالی عناصر کے مذموم عزائم خاک میں ملادینگے۔ انہوں نے کہا کہ چھاپے، گرفتاریاں، ماورائے عدالت قتل اور ریاستی مظالم نہ تو ماضی میں ایم کیوایم کوحق پرستی پر مبنی فکر وفلسفہ کے فروغ سے روک سکے ہیں اور نہ ہی آج کوئی طالع آزما پنجاب میں حق پرستی کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کو پھیلنے سے روک سکتا ہے۔ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور گورنر پنجاب سلمان تاثیر سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں پنجاب پولیس کی غیر قانونی چھاپہ مار کارروائی کے پس پشت کارفرما عزائم کو بے نقاب کیا جائے اور ریاستی طاقت کے گھمنڈ میں مبتلا بااثر افراد کو غیر جمہوری، غیر قانونی اوراوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے سے باز رکھا جائے۔

## ٹنڈومحمد خان میں ضعیف العمر خاتون پرکتا چھوڑنے کا واقعہ وحشیانہ عمل ہے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔10، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے ٹنڈومحمد خان میں وڈیرے کی جانب سے ضعیف العمر خاتون پر کتا چھوڑنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے وحشیانہ عمل قرار دیا ہے۔ شعبہ خواتین کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ضعیف العمر خاتون پر کتا چھوڑنے میں ملوث وڈیرے اور دیگر درندہ صف ملزمان کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے، خاتون پر کتا چھوڑنے والے وڈیرے اور دیگر ملزمان کے خلاف سخت ترین تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے اور خواتین کے استحصال اور ناانصافیوں کا سلسلہ بند کرنے کیلئے مثبت اصلاحات کی جائیں۔ ایم کیوایم کے شعبہ خواتین نے زخمی ضعیف العمر خاتون اوران کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاتون کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆